## حقیقی دہشت گردوں کو فعال اور انہیں مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرنے والے عناصر کو لگام دیکر شہر کو بدامنی اور خونریزی کی نذر کرنے کی گھناؤنی سازش کو عوام اور ملک کے وسیع تر مفاد میں فی الفورنا کام بنانے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں، اراکین قومی اسمبلی

## جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم کے ہمدرد سمیت 7 کارکنان کی شہادت پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔8، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیو ایم کے معصوم و بے گناہ کارکنان کی شہادت کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور حقیقی دہشت گردوں کو فعال اور انہیں مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرنے والے عناصر کو لگام دیکر شہر کو بدامنی اور خونریزی کی نذر کرنے کی گھناؤنی سازش کو عوام اور ملک کے وسیع تر مفاد میں فی الفورنا کام بنانے کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب مسلح افواج طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات میں آپریشن کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب ملک کی سلامتی اور استحکام کے دشمن عناصر نے کراچی میں حقیقی دہشت گردوں کو قتل وغارتگری کا کھلا لائسنس دیدیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین روز کے دوران حقیقی دہشت گرد ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن خالد انصاری، اسکیم 33 سیکٹر کے کارکن محمد ارشد، نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن خان شیر خان، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن اجمل معین، لانڈھی سیکٹر کے کارکن کے بھائی فاروق صدیقی، لیاری سیکٹر کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بے دردی سے شہید کر چکے ہیں جبکہ شہر میں دیگر سیاسی کارکنوں کی ہلاکتیں بھی شہر کو بدامنی میں دھکیلنے کی بڑی سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو سیاسی و مذہبی جماعتیں کراچی میں قتل وغارتگری کے واقعات کے الزامات ایم کیو ایم پر عائد کر رہی ہے وہ جواب دیں کہ کیا ایم کیو ایم حکومت کا حصہ نہیں ؟ کیا ایم کیو ایم کراچی کے امن کو سبوتاژ کرکے اپنے ووٹروں کے خلاف ایسی بھیانک سازش کرسکتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی حق پرست قیادت تو کراچی میں تعمیر وترقی کے نئے دریچے کھولنے میں مصروف ہے اور دوسری جانب بعض قوتیں ایم کیو ایم کی مقبولیت سے خائف ہوچکی ہیں اور انہوں نے کراچی کو بدامنی کا شکار کرنے کیلئے حقیقی دہشت گردوں کو فعال کر دیا ہے جس کے باعث شہر میں قتل وغارتگری کے واقعات تسلسل کے ہورہے ہیں۔ اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم کے ہمدرد سمیت 7 کارکنان کی شہادت کے واقعات کا فی الفور نوٹس لیا جائے، حقیقی دہشت گردوں کو لگام دی جائے اور قتل وغارتگری میں ملوث حقیقی دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## بیت اللہ محسود کے قریبی ساتھیوں کی کراچی سے مسلسل گرفتاریاں ان نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے منہ پر طمانچے کے مترادف ہیں جو جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کی سازش کے خدشات کو واویلا قرار دیتے رہے ہیں، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

## لیاری سے بیت اللہ محسود کے ایک اور قریبی ساتھی کی خودکش جیکٹس، اسلحہ وگولہ بارود سمیت گرفتار پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو حق پرست اراکین سندھ اسمبلی کا زبردست خراج تحسین، اہلکاروں اور افسران کو اعزازات اور انعامات سے نوازا جائے

کراچی۔۔۔8، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی کے علاقے لیاری سے بیت اللہ محسود کے ایک اور قریبی ساتھی کی خودکش جیکٹس، بھاری اسلحہ اور گولہ بارود سمیت گرفتاری پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ شدت پسندوں اور دہشت گردوں کا ملک بھر سے مکمل خاتمہ کرکے ہی طویل امن اور خوشحالی کی راہیں ہموار کی جاسکتی ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لیاری سے بیت اللہ محسود کے قریبی ساتھی کی گرفتاری سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شہر میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے خدشات ایک مرتبہ پھر درست ثابت ہوگئے ہیں اور بیت اللہ محسود کے قریبی ساتھیوں کی اسلحہ وگولہ بارود اور خودکش جیکٹس سمیت مسلسل گرفتاریاں ان نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے منہ پر طمانچے کے مترادف ہیں جو جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے خدشات کو واویلا قرار دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں دراصل طالبان دہشت گردوں کو کراچی اور سندھ میں مدد وتعاون فراہم کر رہی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کی اسلحہ وگولہ بارود سمیت مسلسل گرفتاریوں کے باوجود وہ اب بھی کراچی اور سندھ میں طالبانائزیشن کی سازش سے انکار کر رہی ہیں اور دہشت گردوں کی گرفتاریوں پر پراسرار خاموشی اختیار کی ہوئی ہیں جس سے ثابت ہوگیا ہے کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں اور طالبان دہشت گردوں کے ڈانڈے آپس میں ملے ہوئے ہیں۔ حق پرست اراکین سندھ

اسمبلی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ لیاری سے بیت اللہ محسود کی قریبی ساتھی کی گرفتاری میں حصہ لینے والے قانون نافذکرنے والے اداروں کے اہلکاروں اورافسران کواعزازات اورانعامات سے نوازا جائے ، کراچی میں طالبان نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے جدیداورسائنسی آلات کا استعمال کیاجائے اور طالبان دہشت گردوں کومددوتعاون فراہم کرنے والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کومحاسبہ کیاجائے ۔

## ایم کیوایم شدت پسندی، دہشت گردی اورانتہاء پسندی کے عفریت کے خلاف سیسہ پلائی دیوارثابت ہوگی، کراچی مضافاتی کمیٹی

## ابراہیم پہنورگوٹھ اورابراہیم حیدری یونٹ میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔8، جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہاہے کہ انتہاء پسندی، شدت پسندی اوردہشت گردی کا خاتمہ کرکے ہی ملک کے استحکام اورسلامتی کومضبوط بنایا جاسکتا ہے اور مسلح افواج کی جانب سے صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات میں جاری آپریشن راہِ راست دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک جاری رکھا جائے ۔ یہ بات ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین سیدمعین الدین اورعزیز الرحمان نے ابراہیم پہنورگوٹھ رابطہ آفس اورابراہیم حیدری یونٹ میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین واحدرہنماہیں جنہوں نے ملک کے استحکام اورسلامتی کوخطرے کوسب سے پہلے بھانپ لیا تھااورطالبانائزیشن کے حوالے سے چیخ چیخ کرحکمرانوں اورعوام کوآگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت اورفراست کا ہی نتیجہ ہے کہ آج طالبانائزیشن کی سازش کوناکام بنانے کیلئے مسلح افواج صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات میں آپریشن کررہی ہے اورمعصوم وبے گناہ لوگوں کی جان ومال کا تحفظ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ اورکراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کوہرگز پنپنے نہیں دیاجائے گا اورایم کیوایم شدت پسندی، انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے عفریت کے خلاف سیسہ پلائی دیوارثابت ہوگی۔انہوں نے کارکنان پرزوردیا کہ وہ اپنے صفوں میں اتحادبرقراررکھیں اورمشکوک عناصرپرکڑی نگاہیں رکھیں۔

متحدہ قومی موومنٹ کی طلبہ تنظیم آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کا 31 واں یوم تاسیس جمعرات 11 جون کو پاکستان سمیت مختلف ممالک میں تنظیم کے روایتی جوش وجذبے سے منایا جائے گا

کراچی سمیت سندھ کے تمام شہروں، پنجاب، بلوچستان اورآزادکشمیرمیں اجتماعات ہوں گے، مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈعزیزآبادمیں ہوگا۔ بانی تحریک جناب الطاف حسین ٹیلی فون خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔ 8 جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی طلبہ تنظیم آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن(APMSO) کا 31 واں یوم تاسیس جمعرات 11 جون کو پاکستان سمیت مختلف ممالک میں تنظیم کے روایتی جوش وجذبے سے منایا جائے گا۔اس حوالے سے ایم کیوایم اوراے پی ایم ایس او نے مختلف پروگرام ترتیب دیئے ہیں ۔ 10 جون کی شب تحریک کے مرکزاور بانیء تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیروپرکارکنان اپنے قائد سے تجدیدعہدِ وفا کریں گے۔ یوم تاسیس کے موقع پر جمعرات 11 جون کواجتماعات منعقدکئے جائیں گے۔ یہ اجتماعات کراچی سمیت سندھ کے تمام شہروں، صوبہ پنجاب، بلوچستان اورآزادکشمیرمیں بھی ہوں گے۔ یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع کراچی میں لال قلعہ گراؤنڈعزیزآبادمیں ہوگا۔ یوم تاسیس کے اجتماعات سے بانیء تحریک جناب الطاف حسین لندن سے بذریعہ ٹیلی فون خطاب کریں گے۔ جناب الطاف حسین کا یہ خطاب کراچی سمیت تمام شہروں میں بیک وقت سنا جائے گا۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کے ارکان کی الائیڈبینک کے ایچ آرچیف شفیق احمدعقیلی سے ملاقات

## شفیق احمدعقیلی نے لیبرڈویژن کے ارکان کی جانب سے پیش کردہ ملازمین کے مسائل کوتوجہ سے سنااورانہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرادی

کراچی۔۔۔8، جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان تحسیم الحق اورمحمداسرائیل نے الائیڈبینک کے ہیومن ریسورسز کے سربراہ شفیق احمدعقیلی سے ان کے چیمبرمیں ملاقات کی اورادارے کے محنت کشوں کے مسائل سے انہیں آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پرایم کیوایم لیبرڈویژن الائیڈبینک یونٹ کے نگراں انچارج واراکین کمیٹی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں

لیبر ڈویژن کے ارکان نے الائیڈ بینک کے ایچ آر چیف کو ادارے کے آفیسرز کے ساتھ ان کی فیملی کیلئے میڈیکل کی سہولت، ادارے کے مرحوم ار ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کی ترجیحی بنیادوں پر بینک میں بھرتی، الائینڈ بینک سینٹرل آفس کی لاہور منتقلی کی افواہوں، اسٹاف کے ساتھ ترقی، انکریمنٹ کی سطح پر جاری ناانصافیوں پر تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ان مسائل کے حوالے سے محنت کشوں اور افسران میں پائی جانے والی تشویش کو ادارے کی ترقی وخوشحالی کے خلاف قرار دیا۔ اس موقع پر شفیق احمد عقیلی نے لیبر ڈویژن کے ارکان کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور ادارے کے محنت کشوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

## ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ یوسی 8 کے کارکن عبدالقدیر قریشی کے بھائی عبدالواحد قریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## میرپورخاص میں مینگو فیسٹول میں مینا بازار کے اختتام پر اوباش نوجوانوں کی جانب سے خواتین کے ساتھ بدتمیزی کا واقعہ قابل مذمت ہے۔ زونل کمیٹی میرپورخاص زون متحدہ قومی موومنٹ

## واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے، بدتمیزی کا نشانہ بننے والی خواتین سے ایم کیوایم میرپورخاص زون کا اظہار ہمدردی

میرپورخاص۔۔۔8 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کی زونل کمیٹی کے ارکان نے میرپورخاص میں مینگو فیسٹول میں مینا بازار کے اختتام پر بعض اوباش نوجوانوں کی جانب سے خواتین کے ساتھ بدتمیزی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں زونل کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قوم کی ماؤں بہنوں کے ساتھ بدتمیزی کرنے والے عناصر معاشرے کیلئے کلنک کا دھبہ ہیں جن کا محاسبہ کیا جانا چاہیے۔ زونل کمیٹی کے ارکان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مینگو فیسٹول کے موقع پر گزشتہ روز خواتین کے ساتھ بدتمیزی کرنے والے اوباش افراد کو گرفتار کیا جائے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ ایم کیوایم کی زونل کمیٹی کے ارکان نے اوباش نوجوانوں کی بدتمیزی کا نشانہ بننے والی خواتین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆